**09.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک نے 11 برسوں میں تمام متنوع شعبوں میں تیز تر تبدیلی دیکھی ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ کم سے کم حکومت اور زیادہ سے زیادہ حکمرانی کی رسائی نے، ملک میں ترقی کی رفتار اور سطح تبدیل کی ہے۔

☆ بین الاقوامی خلائی سینٹر کیلئے Axiom-4 کا مشن، جس میں بھارتی خلاء باز شُبھانشو شُکلا شامل ہیں، خراب موسم کی وجہ سے بدھ تک ملتوی ہوگیا ہے۔

☆ بھارتی ریلوے ممبئی کے مضافاتی ریل نیٹ ورک کے تمام نئے ڈبوں میں خودکار دروازہ بند کرنے کا نظام نصب کرے گا۔

☆ بھارت کے حصص اشاریے میں مسلسل چوتھے دن اضافے کا رجحان رہا اور یہ 82ہزار 400پوائنٹ سے زیادہ پر بند ہوا۔

☆ اور آئی ایم ڈی میں پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش اور راجستھان کے مشرقی حصوں میں، اگلے دو دنوں کے دوران گرمی کی لہر کی صورتحال کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Add PM Governance 11 Years**

وزیر اعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ 140 کروڑ بھارتیوں کی اجتماعی شراکت داری سے ملک کے متنوع شعبوں میں گزشتہ 11 برسوں میں تیز رفتار کایا پلٹ ہوئی ہیں۔

اب جبکہ NDA سرکار نے مرکز میں اپنے 11 سال مکمل کرلئے ہیں، وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ سب کا ساتھ، سب کا وکاس ، سب کا وشواس، سب کا پریاس، کے رہنما اصول کے تحت مرکز تیز رفتار، معیاری اور ذمہ داری کے احساس کے ساتھ اہم ترین اصلاحات نافذ کر رہا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اقتصادی ترقی سے سماجی بہبود تک عوام پر مرکوز جامع

اور مجموعی ترقی پر توجہ دی گئی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ آج ملک نہ صرف ایک تیز رفتار ترقی کرنے والی بڑی معیشت ہے بلکہ آب و ہوا سے متعلق کارروائی اور ڈیجیٹل اختراعات جیسے معاملات پر کلیدی آواز بھی ہے۔

انھوں نے کہا کہ وِکست بھارت کی تعمیر میں بھارت امید، اعتماد اور نئے عزم کے ساتھ آگے دیکھ رہا ہے۔ وزیراعظم نے لوگوں سے کہا کہ وہ ویڈیوز، Infographics اور مضامین کے ذریعے، جو کہ نمو ایپ پر موجود ہیں، بھارت کی وکاس یاترا کی معلومات حاصل کریں۔

انھوں نے پورٹل کا ایک Link بھی شیئر کیا، جس پر ہر شخص جَن مَن سروے میں حصہ لے کر گذشتہ گیارہ برسوں سے زائد کے عرصے میں بھارت کی ترقی کے سفر کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتا ہے۔x

## Special Feature

ملک میں، پچھلے 10سال میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں کی بدولت نمایاں کایا پلٹ ہوئی ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ مختلف اہم شعبوں میں حکومت کی 11 سال سے جاری کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہاہے۔ آج ہم شمال مشرقی بھارت کے ترقی کے سفر کی بات کر رہے ہیں، جو کبھی دور دراز کا علاقہ سمجھا جاتا تھا، لیکن اب اِسے رابطے اور ترقی کی علامت کے طور پر دیکھا جاتاہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Vishnu

گزشتہ 11برسوں سے زائد عرصے میں سرکار نے شمال مشرق میں بنیادی ڈھانچے ہی نہیں بلکہ عوام کے ذریعے سرمایہ کاری کی ہے۔ PM Devine Scheme، نارتھ ایسٹ اسپیشل ڈویلپمنٹ اور Aspirational Districts Programme جیسی اہم اسکیموں نے بنیادی سطح پر ترقی کی رفتار میں اضافہ کیا ہے۔

3لاکھ سے زائد قبائلی افراد کو وَن دھَن یوجنا کے ذریعے امداد فراہم کی گئی ہے۔ کسانوں کی مصنوعات تیار کرنے والی 434 کمپنیوں نے منظم زرعی کاروبار کو امداد فراہم کرکے 2لاکھ سے زائد کسانوں کو فائدہ پہنچایا ہے۔ یہ خطہ خوردنی تیل اور روایتی مصنوعات مثلاً بانس، Agar Wood اور Eri Silk جیسی Organic مصنوعات کے ایک مرکز کے طور پر بھی اُبھر رہا ہے۔NEHHDC اور NERAMAC نے بازار تک رسائی کو وسعت بخشی ہے، جس سے مقامی فنکاروں اور بنکروں کو ڈیزائن میں معاونت، Branding اور قومی پلیٹ فارموں کے ذریعے فائدہ پہنچ رہا ہے۔

تعلیم اور صحت کے شعبے میں لگاتار ترقی ہورہی ہے۔ خواندگی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے اور ULLAS مشن کے تحت میزورم کو مکمل طور پر خواندہ ریاست قرار دے دیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ 15اسپتالوں کے ساتھ آسام، جنوبی ایشیا میں کینسر سے متعلق خدمات فراہم کرنے والا سب سے بڑا نیٹ ورک ہوگا۔

ثقافتی تہواروں، میوزیم پروجیکٹس اور آسام کے Moidams کے لئے UNESCO tag کے ساتھ عالمی پیمانے پر اعتراف کئے جانے کے ساتھ، شمال مشرق نے دنیا میں فخریہ طور پر اپنی منفرد شناخت قائم کی ہے۔

بھارت کی کہانی کا اہم حصہ ہونے کے ناطے، شمال مشرق بڑی تیزی کے ساتھ ملک کی ترقی کو رفتار بخشنے

والی ریاستوں میں سی ایک ریاست بن رہا ہے۔ تنوع سے بھرپور ایک ریاست اب مواقع سے بھرپور ہے، جہاں ہر گاؤں، ہر وادی اور ہر شخص ملک کی ترقی کی کہانی میں اپنا مقام حاصل کررہا ہے۔

Vishnu کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں تنویر الفرید

## Shah 11 Years of Govt

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ نریندر مودی حکومت کے 11 سال کے دوران، ملک نے اقتصادی احیاء، سماجی انصاف، ثقافتی فخر اور قومی سلامتی کا ایک نیا دور دیکھا ہے۔ جناب شاہ نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں زور دے کر کہا کہ عوامی خدمت کی اِس مدت میں، کم سے کم حکومت، زیادہ سے زیادہ حکمرانی کی رسائی نے، ملک کی ترقی کی رفتار اور سطح دونوں کو تبدیل کیا ہے۔ قومی سلامتی کے شعبے میں حکومت کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ نکسل واد اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے اور جموں وکشمیر نیز شمال مشرق میں امن کا قیام ہوا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اب بھارت، دہشت گردانہ حملوں کا جواب، اُن کے ہی علاقے میں دہشت گردوں پر حملہ کرکے دیتا ہے۔x

## SPACE Missioni Axiom

بین الاقوامی خلائی سینٹر کیلئے اسپیس ایکس کا Axiom-4 مشن، جس میں بھارتی خلاء باز شُبھانشو شُکلا شامل ہیں، خراب موسم کی صورتحال کی وجہ سے بدھ تک ملتوی ہوگیا ہے۔ بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پوسٹ کیا کہ اس مشن کا لانچ اب بدھ کے روز بھارت کے معیاری وقت شام پانچ بجکر 30 منٹ کیلئے طے کیا گیا ہے۔ Axiom اسپیس، ناسا، اسپیس ایکس اور اِسرو کا یہ مشترکہ مشن، بین الاقوامی خلائی سینٹر تک چار خلاء بازوں کو لے کر جائے گا جو اسپیس ایکس Falcon 9 راکٹ میں سفر کریں گے۔ اس مشن کے ساتھ ہی بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا، خلائی مرکز جانے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ شُبھانشو نے، بھارت کے گگن یان انسانی خلائی پرواز پروگرام کے حصے کے طور پر، روس اور امریکہ میں تربیت حاصل کی ہے۔ وہ 14 دن کے قیام کے دوران، بائیولوجی، مادّی سائنس اور بھارتی خلائی ٹیک میں مائیکرو کشش ثقل کے تجربات کریں گے۔x

## Rev. Railways Automatic Door

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج Integrated کوچ فیکٹری کی ٹیم کے ساتھ ایک تفصیلی میٹنگ کی، جس کا مقصد ممبئی میں مقامی غیر AC ٹرینوں میں خودکار طریقے سے بند ہونے والے دروازوں کے معاملے کا کوئی عملی حل حاصل کرنا تھا۔ یہ میٹنگ ممبئی میں ایک افسوسناک واقعے کے تناظر میں منعقد کی گئی، جس میں چار مسافروں نے اُس وقت اپنی جان گنوا دی جب وہ ایک لوکل ٹرین کے پائیدان پر سفر کر رہے تھے۔ ریلوے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ تفصیلی تبادلۂ خیال کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ نئی غیر AC ٹرین اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے

ڈیزائن اور تیار کی جائیں گی کہ ڈبّوں میں ہوا کی آمد ورفت باقاعدگی کے ساتھ ہو۔ نئے ڈیزائن کے ضمن میں، نئے تیار کردہ ڈبوں میں چھت میں بنے ہوئے روشن دان اور ایک ڈبّے میں سے دوسرے ڈبّے میں جانے کیلئے بند راستے ہوں گے تا کہ مسافر ایک ڈبّے سے دوسرے ڈبّے میں آجاسکے۔ اس نئے ڈیزائن کے ساتھ پہلی ٹرین اس سال نومبر تک تیار کی جائے گی اور ضروری آزمائشوں اور سرٹیفکیشن کے بعد یہ اگلے سال جنوری تک دستیاب ہوں گی۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ، ممبئی مضافاتی خدمات کیلئے تیار کی جانے والی238اے سی ٹرینوں کے علاوہ ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے ریلوے بورڈ کے اطلاعات اور تشہیر کے ایگزکیٹیو ڈائریکٹر دلیپ کمار نے کہا کہ بھارتی ریلوے نے فیصلہ کیا ہے کہ ممبئی کے مضافاتی ریلوے نیٹ ورک کیلئے تیار کئے جانے والے تمام نئے ڈبّوں میں خودکار دروازہ بند کرنے کے نظام نصب کئے جائیں گے۔ اس اقدام کا مقصد مسافروں کو چلتی ہوئی ٹرینوں سے گرنے سے بچانا ہے۔ انھوں نے کہا کہ خودکار دروازہ بند کرنے کی سہولیات کی تنصیب کیلئے اِس وقت چل رہے تمام ڈبوں کے سلسلے میں ایک امکانی مطالعہ بھی کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ فیصلہ مسافروں کے حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا ہے۔ انھوں نے مسافروں پر زور دیا کہ وہ ڈبوں کے پائیدانوں پر سفر نہ کریں۔

S/B Dilip Kumar

## Army Vijay Diwas

بھارتی فوج، 26ویں کارگل وجئے دِوَس تقریبات کے دوران، بہت سی تقریبات منعقد کرنے کیلئے تیار ہے۔ یہ تقریبات 26جولائی تک جاری رہیں گی جن میں ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرنے والے ہیروز کے غیرمتزلزل جذبے، قربانی اور شجاعت کی تعظیم کی جائے گی۔ تقریبات کے حصے کے طور پر، اُن جنگی ہیروز کے 545 قریب ترین رشتے داروں کا اعزاز کرنے کیلئے رسائی کی ایک خصوصی مہم کی منصوبہ بندی کی گئی ہے، جنھوں نے کارگل جنگ کے دوران ملک کی خدمت انجام دیتے ہوئے عظیم قربانیاں دی تھیں۔ فوجی عملے کی ایک ٹیم 25ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں اور نیپال کا دورہ کرے گی، جو بھارتی فوج کی جانب سے اعزازی مکتوب ساتھ لے کر جائے گی۔بھارت، ہر سال 26جولائی کو کارگل وجئے دِوَس مناتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جو ملک کی تاریخ میں فخر اور لافانی یادداشت کے طور پر نقش ہے۔ اس دن 1999میں اُس دن کو منایا جاتا ہے جب بھارت نے کامیابی کے ساتھ آپریشن وجئے پایۂ تکمیل تک پہنچایا تھا، جس میں اُس نے پاکستانی دراندازوں سے اہم پہاڑی علاقے واپس لئے تھے۔x

## Stock Markeet

گھریلو شیئر بازار میں مسلسل چوتھے سیشن میں بھی مثبت رجحان قائم رہا۔ Nifty گذشتہ آٹھ ماہ کے سب سے اونچے مقام پر رہا، جہاں Realty شعبے کو چھوڑ کر سبھی شعبوں میں بڑھوتری ہوئی۔ RBI کی جانب سے جمعہ کے روز توقع کے مطابق 50بیسس پوائنٹس کی شرح میں کٹوتی کے بعد بینکنگ اور فائنانس کے اسٹاکس میں مزید مضبوطی دیکھی گئی۔

بامبے اسٹاک ایکسچینج کے 30شیئر کے انڈیکس میں 256 کی بڑھوتری ہوئی اور یہ 82ہزار 445پر بند ہوا۔ نیشنل اسٹاک ایکسچینج کے نفٹی- 50میں 100پوائنٹس کی بڑھوتری ہوئی اور یہ 25ہزار ایک سو پر بند ہوا۔

## US Travel Ban

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دستخط کئے گئے ایک سفری پابندی پر آج سے عمل درآمد شروع ہوگیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے 12ممالک کے باشندے، جن میں خاص طور سے افریقہ اور مغربی ایشیا شامل ہیں، کے امریکہ میں داخل ہونے پر پابندی عائد کردی ہے۔ صدر ٹرمپ نے دہشت گردی کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے اس اقدام کا دفاع کیا ہے، اور اُن ممالک کی طرف اشارہ کیا ہے، جہاں اسکریننگ کے نظام خراب ہیں یا جلاوطن افراد کو وطن واپس بھیجنے سے انکار کردیا ہے۔x

## with Add IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے شمال مغربی حصوں میں، آئندہ چار پانچ دن کے دوران گرمی کی لہر کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ ایجنسی نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، نئی دلّی، اترپردیش اور راجستھان کے مشرقی حصوں میں زیادہ گرمی کی صورتحال کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔
مزید تفصیلات ہمارے نمائندے سے۔۔۔۔۔۔۔۔

VC Aman

آئی ایم ڈی کے مطابق، گنگا کے مغربی بنگال کے علاقے، اڈیشہ اور تمل ناڈو میں گرم اور مرطوب موسم رہے گا۔ اسی دوران، ایجنسی نے کہا ہے کہ ملک کے جنوبی جزیرہ نما حصوں میں مانسون کے فعال ہونے کی توقع ہے، جس کے دوران شدید سے انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ، اس مہینے کی 12سے 15تاریخ کے دوران کرناٹک میں نیز 13سے 15تاریخ کے دوران کونکن اور گوا میں کسی کسی مقام پر انتہائی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے جنوبی آسام، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں، اِس مہینے کی 13تاریخ تک گرج چمک، بجلی چمکنے اور 30سے 40کلو میٹر کی رفتار سے چلنے والی تیز ہواؤں کے ساتھ کسی کسی مقام پر گرج چمک اور اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ آئندہ دو سے تین دنوں کے دوران وسطی اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں ہوگی۔
آکاشوانی نیوز دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

امکان ہے کہ قومی راجدھانی میں گرمی کی لہر کی صورتحال جاری رہے گی جہاں درجۂ حرارت بڑھ کر 43ڈگری سیلسیس سے زیادہ ہو رہا ہے۔ IMD کے مطابق زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 43اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو کہ معمول سے تین اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس زیادہ ہے۔ کم سے کم درجۂ حرارت معمول کی سطح پر 27 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس رہا۔x

**Shooting ISSF**

جرمنی کے شہر Munich میں شوٹنگ کا ISSF عالمی کپ 2025 کل سے شروع ہورہا ہے۔ کل خواتین کے 10 میٹر ائیر رائفل اور مردوں کے 10 میٹر ائیر پسٹل فائنلس مقابلے ہوں گے۔ بھارت کے تین شوٹرس پہلی مرتبہ عالمی کپ میں حصہ لے رہے ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں بھارت کے 36 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جو کسی ملک کی جانب سے حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ ان کھلاڑیوں میں کئی ممتاز کھلاڑی بھی حصہ لے رہے ہیں، جن میں اولمپکس میں پسٹل میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی کھلاڑی Manu Bhakar اور Kiran Ankush Jadhav، مردوں کے رائفل کے ممتاز کھلاڑی Arjun Babuta اور Swapnil Kusale، پسٹل میں چار بار عالمی کپ میں‌تمغہ حاصل کرنے والے Varun Tomer، دو بار عالمی کپ میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والی کھلاڑی Elavenil Valarivan، اندرجیت سنگھ سُرُوچی اور Sarabjot Singh شامل ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆